# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

**Mid-Term**

## Islamiat Grade 6

**School Name:** ______________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : a | Q. No.2 : b | Q. No.3 : b |
| Q. No.4 : a | Q. No.5 : b | Q. No.6 : b |
| Q. No.7 : b | Q. No.8 : d | Q. No.9 : c |
| Q. No.10 : c | | |

## ANSWERS / RUBRICS

**Question No: 11**

سوال نمبر 11

**a ) What is meant by fulfilment of promise? (3)**

ایفائے عہد سے کیا مراد ہے ؟(3)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیے جائیں. بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
ایفائے عہد کا معنٰی ہے وعدہ پورا کرنا، یعنی اِنسان اگر کسی سے کوئی وعدہ یا معاہدہ کرے تو اسے پورا کرے۔ اپنی ذمہ داری نبھانا بھی ایفائے عہد کا حصہ ہے۔

**Describe the signs of a hypocrite? (6)**

منافق کی نشانیاں کون سی ہیں ؟ بیان کریں۔(6)

آئیٹم روبرک (اردو):
گر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 5 نمبر دیے جائیں. بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
منافق کی تین نشانیاں ہیں: جب بات کرے تو جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے تو وعدے کی خلاف ورزی کرے اور جب اس کے پاس کوئی امانت رکھوائی جائے تو اس میں خیانت کرے۔

**Explain the social benefits which we will get from the fulfilment of promise? (6)**

ایفائے عہد سے ہمیں کون سے معاشرتی فوائد حاصل ہوں گے ؟ وضاحت کریں۔(6)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (5) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 5 نمبر دیے جائیں. بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
وعدہ پورا کرنے سے انسان کی عزّت میں اِضافہ ہوتا ہے. لوگ اس پر اِعتماد کرنے لگتے ہیں۔ وعدہ پورا کرنے والا تاجر کبھی گھاٹے کا شکار نہیں ہوتا۔ اس سے اللہ تعالیٰ بھی راضی ہوگا اور لوگوں میں بھی ہماری عزّت بڑھے گی۔ اس لئے ہمیں وعدے کی پابندی کو اپنا شِعار بنانا چاہیے۔

**Question No: 12**

سوال نمبر 12

**a ) What is the teaching of Islam about blocking roads? (2)**

دین اسلام میں راستوں کی بندش کا کیا حکم ہے ؟(2)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 دیا جائے۔ بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
دین اسلام کی تعلیم یہ ہے کہ راستوں کو بند کرنا درست نہیں۔ سچے مسلمان کی شان تو یہ ہے کہ وہ راستے سے تکلیف دہ چیزوں کو ہٹا کر لوگوں کے لیے آسانی اور راحت کا انتظام کرتا ہے۔

**Write the manners of the road according to Hadith. (4)**

حدیث مبارکہ کی روشنی میں راستے کے آداب لکھیں۔ (4)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
احادیث نبویہ خَاتَمُ النَّبِيِّن صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابِہٖ وسَلَّم سے معلوم ہوتا کہ راستے سے کسی تکلیف دہ چیز کو ہٹانا اجر کا کام ہے اور اس میں ضروری نہیں کہ کوئی بہت بڑی چیز ہی دُور کی جائے، تکلیف دینے والا ایک کانٹا، کوئی پتھر کا ٹکڑا بھی اگر کسی نے ہٹا یا تو اس پر بھی اس کو اجر ملے گا۔
رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّن صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابِہٖ وسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ایک شخص نے راستے میں گرا ہوا ایک درخت لوگوں کو تکلیف سے بچانے کے لئے ایک طرف کر دیا، اس کے اس عمل پر اللہ تعالی نے اسے جنّت میں داخل کر دیا۔

**What is the guidance of Islamic teachings to solve problems like traffic jams in the present day? (4)**

موجودہ دور میں ٹریفک جام جیسے مسائل کے حل کے لیے اسلامی تعلیمات سے کیا رہنمائی ملتی ہے؟ (4)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
ایک مسلمان کی پہچان ہے کہ وہ دوسروں کے لیے راحت اور آسانی کا ذریعہ بنتا ہے۔ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّن صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابِہٖ وسَلَّم نے فرمایا کہ مسافر کو راستہ بتانے پر صدقہ کا ثواب ملتا ہے۔
آپ خَاتَمُ النَّبِيِّن صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابِہٖ وسَلَّم نے راستوں کو خراب کرنے اور آنے جانے والوں کے لیے مشکل بنانے سے سختی سے منع فرمایا۔ جہاد کے ایک سفر میں کچھ لوگوں کے خیمے راستے میں آ گئے تو آپ خَاتَمُ النَّبِيِّن صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابِہٖ وسَلَّم نے فرمایا کہ جن لوگوں کے خیمے راستے میں آئے ہیں وہ اپنے خیمے ہٹالیں ورنہ اللہ تعالیٰ ان کے جہاد کو قبول نہیں کرے گا۔
ایک مسلمان کو چاہیے کی وہ راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹائے۔ راستوں کو بند نہ کرے۔ ان اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے سے موجودہ دور میں ٹریفک کے مسائل کو حل کیا جاسکتا ہے۔

**Question No: 13**

---

سوال نمبر 13

---

**<u>a )</u> Write the meaning and definitions of justice and kindness. (3)**

عدل واحسان کا معنی ومفہوم تحریر کریں۔ (3)

آیٹم روبرک (اردو):
عدل اور احسان کا معنی و مفہوم مکمل درست لکھنے پر پورے (3) نمبر دیے جائیں. جزوی درست جواب لکھنے پر 1 تا 2 نمبر دیے جائے. بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
عدل کا معنی برابری اور احسان کا معنی نیکی کرنا۔
عدل: ہر حقدار کو اس کا حق دینا اور ہر چیز کو اس کے اصل مقام پر رکھنا عدل کہلاتا ہے۔
احسان: ہر کسی کام کو انتہائی عمدہ طریقے سے انجام دینا نیکی کہلاتا ہے۔

**Explain justice according to the practical life of Rasoolullah خاتم النبيين صلى الله عليه وعلى آله واصحابه وسلم. (04)**

رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی عملی زندگی کی روشنی میں عدل کی وضاحت کریں۔ (4)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم متعلقہ سوال کا مکمل درست جواب لکھتا ہے تو اُسے پورے (4) نمبر دیئے جائیں گے جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیئے جائیں گے جبکہ بالکل غلط جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے عدل کی آواز جن حالات میں بلند کی وہ ظلم و ستم کا دور تھا ہر طاقتور کا اپنا ہی قانون تھا ایسے حالات میں رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے ایسا عدل قائم کیا جس کی کوئی مثال نہیں ملتی. ایک مرتبہ قبیلہ بنو مخزوم کی عورت نے چوری کی. کچھ لوگوں کے کہنے پر حضرت اسامہ بن زید نے اس عورت کو بچانے کے لیے رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے سفارش کر دی تو آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے ناراض ہو کر فرمایا
"بنی اسرائیل اس لیے تباہ ہو گئے کہ وہ امیروں کو چھوڑ دیتے اور غریبوں کو سزا دیتے۔"

**An ideal society can be established by justice, explain it. (3)**

عدل قائم کرنے سے ایک مثالی معاشرہ قائم ہو سکتا ہے. وضاحت کریں. (3)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم عدل قائم کرنے سے ایک مثالی معاشرہ بن سکتا ہے کا مکمل درست جواب لکھے تو اسے (3) نمبر دیے جائیں. جزوی درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیں. بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیں.

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

جب کوئی معاشرہ عدل کی صفت اپنا لیتا ہے تو اس معاشرے میں امن قائم ہو جاتا ہے. ہر شخص اپنا فرض ادا کرتا ہے اور اسے اس کا حق ملنے لگتا ہے. دنیا کے ہر مہذب معاشرے کی پہلی خوبی عدل ہے. اس کے بغیر نہ معاشرے قائم رہ سکتے اور نہ ہی ریاستیں. جن معاشروں میں عدل ہوتا ہے وہاں رہنے والے لوگ زیادہ خوش اور پر سکون ہوتے ہیں۔